زائد خوراک کی روک تھام کے مراکز: اکثر پوچھے گئے سوالات

NYC Health

زائد خوراک کی روک تھام کے مراکز(overdose prevention centers, OPC) کیا ہیں؟

- OPC وہ جگہیں ہیں جہاں لوگ تربیت یافتہ عملہ کی نگرانی میں اس سے پہلے حاصل کردہ نشہ محفوظ طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ فی الحال نیو یارک سٹی (New York City, NYC) میں دو OPC کام کر رہے ہیں — ایک East Harlem میں ہے اور ایک Washington Heights میں ہے۔
- OPC نشہ، بشمول مہلک زائد خوراک کے استعمال کے ساتھ وابستہ ضرر کے خطرات کو کم کرتے ہیں، اور منشیات استعمال کرنے والے لوگوں کو صحت خدمت فراہم کرتے ہیں۔

کیا OPC مؤثر ہیں؟

- ہاں۔ OPC کی خدمات زائد خوراک سے ہونے والی اموات کو روکنے کے لیے صحت عامہ کی ثابت شدہ مداخلت ہیں۔
- دنیا بھر میں 60 سے زائد جیورسڈکشنز میں 100 سے زائد OPC مصروف عمل ہیں۔
- 30 سالوں سے زائد مدت کے آپریشنز میں کسی بھی OPC میں زائد خوراک کی وجہ سے کسی شخص کی موت نہیں ہوئی ہے۔
- محکمہ صحت کی ایک فیزیبلٹی اسٹڈی* میں یہ پایا گیا ہے کہ NYC میں چار OPC کھولنے سے ہر سال 130 تک زندگیاں بچیں گی اور براہ راست نگہداشت صحت کی لاگتوں کے مد میں $7 ملین کی بچت ہوگی۔

OPC منشیات استعمال کرنے والے لوگوں کی صحت کو کیسے فروغ دیتے ہیں۔

- OPC کا عملہ امکانی زائد خوراک کی کوئی علامت ظاہر ہونے کے ساتھ ہی مداخلت کر کے زائد خوراک کے خطرات کو روکتا ہے۔
- OPC انجیکشن سے متعلق بیماری اور ضرر کو روکتے ہیں۔ وہ نگہداشت صحت اور نشہ کے علاج تک رسائی بھی بڑھاتے ہیں۔

OPC کمیونٹی کی مدد کس طرح کرتے ہیں؟

- OPC زائد خوراک سے متعلق بحران کو حل کرنے اور زائد خوراک سے ہونے والی اموات کو کم کرنے کا ایک محفوظ اور مؤثر طریقہ ہیں۔
- OPC جن مضافات میں کام کرتے ہیں وہاں پر نشہ کے کھلے عام استعمال، سیرنج کی گندگی اور نشہ سے متعلق جرائم کو کم کرتے ہیں۔

OPC ابھی کیوں کھل رہے ہیں؟

- امریکہ اور NYC میں نشہ کی زائد خوراک کے سبب ریکارڈ توڑ تعداد میں لوگوں کی اموات ہو رہی ہیں۔
- مراکز برائے مرض پر کنٹرول اور روک تھام نے اپریل 2021 کو ختم ہونے والی 12 ماہ کی مدت میں زائد خوراک کے سبب 100,000 امریکی سے زائد کے فوت ہونے کی رپورٹ کی تھی۔
- 2020 میں، NYC میں زائد خوراک کے سبب 2,000 سے زائد لوگ فوت ہوئے جو 2000 میں رپورٹنگ شروع ہونے کے بعد سے سب سے بڑی تعداد ہے۔

---

* نیو یارک سٹی محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت۔ Overdose prevention in New York City (نیو یارک سٹی میں زائد خوراک کی روک تھام): افیم نما زائد خوراک اور عوامی انجیکشن کو کم کرنے کی ایک حکمت عملی کے بطور زیر نگرانی انجیکشن۔ 2018.
https://www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/public/supervised-injection-report.pdf

NYC کے دو OPC کہاں پر واقع ہیں؟

- East Harlem اور Washington Heights میں واقع یہ OPC موجودہ سیرنج سروس پروگرام (syringe service programs, SSP) کے اندر ہیں جو اپنی کمیونٹی میں خدمات فراہم کرنے کی طویل تاریخ رکھتے ہیں۔ SSP کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"alcohol and drug use services" (الکحل اور نشہ کے استعمال سے متعلق خدمات)** تلاش کریں۔
- مستقبل میں OPC کے مزید مقامات کھل سکتے ہیں۔

OPC میں کون جا سکتا ہے؟

- کوئی بھی ایسا شخص جو ابھی نشہ استعمال کرتا ہے اور جسے OPC کی خدمات تک رسائی درکار ہے وہ OPC جا سکتا ہے۔
- SSP کی طرح، شرکاء OPC کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک مختصر اسکریننگ اور انٹیک پروسیس مکمل کرتے ہیں۔

کیا OPC میں منشیات فروخت ہوتے ہیں؟

- نہیں۔ OPC میں یا اس کے آس پاس منشیات فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

کیا OPC نشہ کے استعمال کو فروغ دیتے یا بڑھاتے ہیں؟

- نہیں۔ لوگ پہلے سے ہی نشہ استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ OPC نشہ کے استعمال کو کم کرتے ہیں، نشہ کے استعمال کے محفوظ تر طرز عمل کی سمت لے جاتے ہیں اور نشہ کے علاج کی خدمات میں شرکت بڑھاتے ہیں۔
- اس امر کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ OPC لوگوں کو منشیات کا استعمال شروع کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ OPC گردوپیش کے مضافات میں رہنے والے لوگوں کو خدمت فراہم کرتے ہیں۔ SSP کی جانب سے تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ لوگ عام طور پر اپنے جائے قیام سے قریب خدمات کا استعمال کرتے ہیں اور خدمات کے لیے دور دراز کا سفر کرنے کا امکان نہیں ہوتا ہے۔

OPC کی فنڈنگ کون کرتا ہے؟

- OPC کی خدمات کی نجی طور پر فنڈنگ ہوتی ہے۔

زائد خوراک کی روک تھام کے مراکز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور "alcohol and drug use services" (الکحل اور نشہ کے استعمال سے متعلق خدمات) تلاش کریں۔